https://ataunnabi.blogspot.com/

آئینہ مرزا نما

مفسرِ اعظم پاکستان، شیخ الحدیث والقرآن، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت

مُفتی مُحمّد فیض احمد اُویسی رضوی نور اللہ مرقدہٗ

www.FaizAhmedOwaisi.com

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﷺ

آئینہ مرزا نما

از

فیضِ ملت، آفتابِ اہلسنت، امام المناظرین، مُفسرِ اعظم پاکستان

حضرت علامہ الحافظ مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی نوراللہ مرقدہٗ

نوٹ: اگراس کتاب میں کمپوزنگ کی کوئی بھی غلطی پائیں تو برائے کرم ہمیں مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر مطلع کریں تا کہ اُس غلطی کو صحیح کرلیا جائے۔ (شکریہ)

admin@faizahmedowaisi.com

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مِنْ لا نَبِیَّ بَعْدَهٗ

امابعد! مرزا غلام احمد قادیانی علمائے دین ومشائخ اسلام کافر ومرتد اور خارج از اسلام ہے اس کے ساتھ جو بھی اس کے جھوٹے دعوائے نبوت ودیگر دعاوی باطلہ کو حق اور سچ سمجھتا ہے وہ بھی کافر، مرتد خارج از اسلام ہے۔ مجددِ دین وملت، شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ نے اپنی تصنیف ''حسام الحرمین شریف'' ودیگر تصانیف مبارکہ میں اس کے کفر وارتداد پر براہین قاطعہ ودلائل ساطعہ قائم فرما کر علمائے ملت ومشائخ اسلام کی تصدیقیں وتقریظیں ثبت فرمائی ہیں۔ فقیر ان کے فیض سے یہ رسالہ ''آئینہ مرزا نما'' مرزا قادیانی کی کفریہ عبارات کا مجموعہ پیش کر رہا ہے۔

اراکین قطب مدینہ کراچی (باب المدینہ) اس کی اشاعت کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ مولیٰ عزوجل فقیر اور ناشر عزیز کے لئے توشۂ آخرت اور اہلِ اسلام کے لئے مشعلِ راہ ہدایت بنائے۔ (آمین بجاہ حبیب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم)

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

بہاولپور۔ پاکستان

۱۰ رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ

☆......☆......☆

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

توھین باری تعالیٰ

(۱)وہ خدا جس کے قبضہ میں ذرّہ ذرّہ ہے اس سے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے وہ فرماتا ہے کہ میں چوروں کی طرح پُوشِیدہ آؤں گا۔(تجلیاتِ الٰہیہ،صفحہ۴،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۲۰،صفحہ۳۹۶)

(۲)ایک بار مجھے اِلْھَامْ(وَحی)ہوا تھا کہ خدا قادیان میں نازل ہوگا اپنے وَعدَہ کے مُوافِق (مُطابِق)۔

(تذکرہ مجموعہ الہامات،صفحہ۲۵۲،طبع دوم)

(۳)میں نے ایک کَشْف میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں اور یقین کیا کہ وہی ہوں۔

(کتاب البریہ صفحہ۸۵،مندرجہ روحانی خزائن جلد۳،صفحہ۱۰۳)

(۴)اور بعض نبیوں کی کتابوں میں میری نِسبَت بَطورِ اِستِعارَہ فرشتہ کا لفظ آ گیا ہے اور''دی ایل نبی'' نے اپنی کتاب میں میرا نام مکائیل رکھا ہے اور عبرانی میں لفظی معنی مکائیل کے ہیں''خدا کے مانند''

(اربعین نمبر۳،صفحہ۳۰،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۷،صفحہ۴۱۳)

(۵)وہ خدا جو ہمارا خدا ہے ایک کھا جانے والی آگ ہے۔(ملخصاً)

(سراج منیر،صفحہ۵۵،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۲،صفحہ۵۷)

(۶)''قیوم العالمین''(اللہ تعالیٰ)ایک ایسا وجودِ اعظم ہے جس کے لئے بے شمار ہاتھ،بے شمار پیر اور ہر ایک عضو اس کثرت سے ہے کہ تعداد سے خارج اور لاانتہاء عرض اور طول رکھتا ہے اور تینددوے کی طرح اس وجودِ اعظم کی تاریں بھی ہیں جو صفحہ ہستی کے تمام کناروں تک پھیل رہی ہیں۔(توضیح المرام،صفحہ۷۵،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۳،صفحہ۹۰)

(۷)مرزا قادیانی نے کہا کہ نبوت اور وحی کا دروازہ بند مانا جائے تو پھر لازم آئے گا کہ''کیا کوئی عقل منداس بات کو قبول کرسکتا ہے کہ اس زمانہ میں خدا سنتا تو ہے مگر بولتا نہیں (یعنی وحی نہیں بھیجتا) پھر اس کے بعد یہ سوال ہوگا کہ بولتا کیوں نہیں کیا زبان پر کوئی مرض لاحق ہوگئی ہے۔(ضمیمہ براہین پنجم،صفحہ۱۴۴،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۲۱،صفحہ۳۱۲)

''آوا ہن خدا تیرے(مرزا)اندر اُتر آیا''(کتاب البریہ،صفحہ۷۶،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۳،صفحہ۱۰۲)

میں(مرزا)نے خواب میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں میں نے یقین کرلیا کہ میں وہی ہوں۔

(آئینہ کمالات اسلام،صفحہ۵۶۴،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۷،صفحہ۴۵۲)

(۸)''بمنزلۃ اولادی '' یعنی اے مرزا تو میری اولاد جیسا ہے۔

www.FaizAhmedOwaisi.com

(۹) خدا نے مجھے (مرزا) الہام کیا کہ تیرے گھر میں ایک لڑکا پیدا ہوگا۔

’’کان اللّٰہ نزل من السماء ‘‘یعنی گویا خدا آسمانوں سے اتر آیا۔

(حقیقۃ الوحی، صفحہ ۹۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۹۸، ۹۹)

(۱۰) مرزا قادیانی کا ایک مرید قاضی یار محمد اپنے ٹریکٹ نمبر ۳۴ موسومہ ’’اسلامی قربانی‘‘ میں لکھتا ہے حضرت مسیح موعود (مرزا) نے ایک موقع پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی کہ کشف کی حالت جو آپ پر طاری ہوئی گویا کہ آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رُجولیّت کی طاقت کا اظہار فرمایا سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے۔ (صفحہ ۱۲)

(۱۱) جس سے رجولیت کی طاقت کا اظہار ہو ظاہر ہے کہ اسے حمل قرار پائے گا تو اس کے متعلق مرزا قادیانی نے خود لکھا کہ ’’میرا نام ابنِ مریم رکھا گیا اور عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور اِستِعارَہ کے رنگ میں حاملہ ٹھہرایا گیا۔ آخر کئی مہینہ کے بعد جو (مدتِ حمل) دس مہینہ سے زیادہ نہیں مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ بس اس طور سے میں ابنِ مریم ٹھہرا‘‘

(کشتی نوح، صفحہ ۴۶، ۴۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۵۰)

(۱۲) خدا نکلنے کو ہے ’’انت منی بمنزلۃ بروزی‘‘ یعنی تو (مرزا) مجھے (خدا) سے ایسا ہے جیسا کہ میں (خدا) ہو گیا۔

(سرورق آخری ریویو، جلد ۵، شمارہ ۳۔ ۱۵ مارچ ۱۹۰۶ کا الہام، تذکرہ، صفحہ ۶۰۴، طبع ۴)

(۱۳) ’’خاطبنی اللّٰہ بقولہ اسمع یا ولدی ‘‘یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ کہہ کر خطاب کیا کہ اے میرے بیٹے سن۔

(البشری، جلد ۱، صفحہ ۴۹)

(۱۴) خدا قادیان میں نازل ہوگا۔ (البشری، جلد ۱، صفحہ ۵۶)

(۱۵) مجھ سے میرے رب نے بیعت کی۔ (دافع البلاء، صفحہ ۶، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۳۱)

(۱۶) سچا خدا وہی خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔

(دافع البلاء، صفحہ ۱۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۳۱)

(۱۷) ایک دفعہ تَمثِیلیُ طور پر مجھے خدا تعالیٰ کی زیارت ہوئی اور میں نے اپنے ہاتھ سے کئی پیش گوئیاں لکھیں جن کا یہ مطلب تھا کہ ایسے واقعات ہونے چاہئیں تب میں نے وہ کاغذ دستخط کرانے کے لئے خدا تعالیٰ کے سامنے پیش کیا اور اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی تَامُّلُ (دیر) کے سرخی کے قلم سے اس پر دستخط کئے اور دستخط کرتے وقت قلم کو چھڑکا جیسا کہ جب قلم پر زیادہ سیاہی آجاتی ہے تو اسی طرح جھاڑ دیتے ہیں اور پھر دستخط کر دیئے اور میرے پر اس وقت نہایت رِقّت کا عالم تھا اس

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

خیال سے کہ کس قدر بلاتــــوَقُّفُ (رُکے) اللہ تعالیٰ نے اس پر دستخط کردیئے اور اسی وقت میری آنکھ کھل گئی اور اس وقت میاں عبداللہ سنوری مسجد کے حجرہ میں میرے پاؤں دبا رہا تھا کہ اس کے روبرو غیب سے سرخی کے قطرے میرے کرتے اور اس کی ٹوپی پر گرے اور عجیب بات یہ ہے کہ اس سرخی کے قطرے گرنے اور قلم جھاڑنے کا ایک ہی وقت تھا ایک سیکنڈ بھی فرق نہ تھا۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۵۵، مندرجہ روحانی خزائن جلد۲۲ صفحہ ۳۶۷)

خاتم الانبیاء والمرسلین رحمۃ العالمین حضرت محمد مصطفی احمد مجتبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں

(۱) **سوال** ایسے موقعہ پر مسلمان معراج پیش کردیتے ہیں حضرت (قدس مرزا قادیانی) نے فرمایا کہ معراج جس وجود سے ہوا تھا وہ یہ گلنے موتنے والا وجود نہ تھا۔ (ملفوظاتِ احمدیہ، جلد۹، صفحہ ۴۵۹)

(۲) مگر تم خوب توجہ کرکے سن لو کہ اب اسم محمد کی تجلی ظاہر کرنے کا وقت نہیں یعنی اب جلالی رنگ کی کوئی خدمت باقی نہیں کیونکہ مناسب حد تک وہ جلال ظاہر ہو چکا۔ سورج کی کرنوں کی اب برداشت نہیں اب چاند کی ٹھنڈی روشنی کی ضرورت ہے اور وہ احمد کے رنگ میں ہوکر میں ہوں۔ (اربعین نمبر۴، صفحہ ۱۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۱۷، صفحہ ۴۴۵، ۴۴۶)

(۳) یہ بات بالکل روزِ روشن کی طرح ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دروازہ کھلا ہے۔

(حقیقت النبوۃ، صفحہ ۲۲۸)

(۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین ہزار معجزات ہیں۔ (تحفہ گولڑویہ صفحہ ۲۷، مندرجہ روحانی خزائن جلد۲۱، صفحہ ۷۲)

اور میرے نشانات کی تعداد دس لاکھ ہے۔ (براہین احمدیہ، صفحہ ۵۶، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۲۱، صفحہ ۷۲)

(۵) نشان، معجزہ، کرامت اور خرقِ عادت ایک چیز ہے۔ (براہین احمدیہ، حصہ پنجم، نصرۃ الحق، صفحہ ۵۰)

(۶) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی الہام سمجھ نہ آئے، نبی سے کئی غلطیاں ہوئیں، کئی الہام سمجھ نہ آئے۔

(ازالۂ اوہام، جلد۲، صفحہ ۲۶۳، مطبع لاہور)

(۷) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب عیسائیوں کے ہاتھوں کا پنیر کھالیتے تھے حالانکہ مشہور تھا کہ سور کی چربی اس میں پڑتی ہے۔ (مرزا قادیانی کا مکتوب، مندرجہ الفضل قادیان ۲۲ فروری ۱۹۲۴ء)

(۸) ہر ایک نبی کو اپنی استعداد اور کام کے مطابق کمالات عطا ہوتے تھے۔ کسی کو بہت، کسی کو کم مگر مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو تو تب نبوت ملی جب اس نے نبوتِ محمدیہ کے تمام کمالات کو حاصل کرلیا اور اس قابل ہوگیا کہ ظِلّی نبی کہلائے۔ پس ظلی

نبوت نے مسیح موعود (مرزا قادیانی) کے قدم کو پیچھے نہیں ہٹایا بلکہ آگے بڑھایا اور اس قدر آگے بڑھایا کہ نبی کریم کے پہلو بہ پہلو کھڑا کیا۔ (کلمۃ الفصل، صفحہ ۱۱۳ مولفہ مرزا بشیر احمد ایم اے)

(۹) یہ بالکل صحیح بات ہے کہ ہر شخص ترقی کرسکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پا سکتا ہے حتی کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی بڑھ سکتا ہے۔ (معاذ اللہ) (اخبار الفصل، ۱۷ جولائی ۱۹۲۲ء)

(۱۰)
محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں — اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل — غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(اخبار بدر قادیان، ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۶ء)

(۱۱) خدا نے آج سے بیس سال پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود قرار دیا ہے۔ (معاذ اللہ) (ایک غلطی کا ازالہ، صفحہ ۱۰، مصنفہ مرزا قادیانی)

(۱۲) نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دین کی مکمل اشاعت نہ ہوسکی میں نے پوری کی ہے۔ (تحفہ گولڑویہ، صفحہ ۱۶۵)

(۱۳) اور اسلام ہِلال کی طرح شروع ہوا اور مقدر تھا کہ انجام کار آخری زمانہ میں بدر (چودھویں کا چاند) ہوجائے خدا تعالیٰ کے حکم سے پس خدا تعالیٰ کی حکمت نے چاہا کہ اسلام اس صدی میں بدر کی شکل اختیار کرے جو شمار کی رو سے بدر کی طرح مشابہ ہوں۔ (یعنی چودھویں صدی) (خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۸۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۷۵)

آنحضرت کے بِعْثَت اول میں آپ کے منکروں کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج قرار دینا لیکن ان کی بِعْثَت ثانی میں آپ کے منکروں کو داخل اسلام سمجھنا یہ آنحضرت کی ھَتْك (گستاخی) اور آیت اللہ سے اِسْتِھْزَاء ہے حالانکہ خطبہ الہامیہ میں حضرت مسیح موعود نے آنحضرت کی بعثت اول وثانی کی باہمی نسبت کو ہلال اور بدر کی نسبت سے تعبیر فرمایا ہے۔

(اخبار الفضل قادیان، جلد ۳، شمارہ ۱۰ مورخہ ۱۵ جولائی ۱۹۱۵ء بحوالہ قادیانی مذہب، صفحہ ۲۶۲)

(۱۴) اور ظاہر ہے کہ فتح مبین کا وقت ہمارے نبی کریم کے زمانے میں گزر گیا اور دوسری فتح باقی رہی جو کہ پہلے غلبہ سے بہت بڑی اور زیادہ ظاہر ہے اور مقدر تھا کہ اس کا وقت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کا وقت ہو۔

(خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۹۳، ۱۹۴، مندرجہ روحانی خزائن جلد ۱۶، صفحہ ۲۸۸)

(۱۵) ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے پانچویں ہزار میں (یعنی مکی بعثت میں) اجمالی صفات کے ساتھ ظُھُــوْر فرمایا اور وہ زمانہ اس روحانیت کی ترقیات کی انتہاء نہ تھا بلکہ اس کے کمالات کے معراج کے لئے پہلا قدم تھا پھر

https://ataunnabi.blogspot.com/

اس روحانیت نے چھٹے ہزار کے آخر میں یعنی اس وقت پوری طرح سے تجلی فرمائی۔

(خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۷۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۶۶)

(۱۶) حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کا ذہنی ارتقاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ تھا اور یہ جزوی فضیلت ہے جو حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر حاصل ہے۔ نبی کریم کی ذہنی استعدادوں کا پورا ظہور بوجہ تمدن کے نقص کے نہ ہوا اور نہ قابلیت تھی۔ اب تمدن کی ترقی سے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ ان کا پورا ظہور ہوا۔

(ریویو، مئی ۱۹۲۹ء بحوالہ قادیانی مذہب، صفحہ ۲۶۶، اشاعت نہم، مطبوعہ لاہور)

(۱۷) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ۔ (پارہ ۲۶، سورۃ الفتح، آیت ۲۹)

ترجمہ : محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم۔

اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔ (ایک غلطی کا ازالہ، صفحہ ۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۰۷)

(۱۸)
امام اپنا عزیزو اس جہان میں غلام احمد ہوا دار الامان میں
غلام احمد ہے عرش رب اکبر مکان اس کا ہے گویا لامکاں میں
غلام احمد رسول اللہ ہے برحق شرف پایا ہے نوع انس و جاں نے
محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

(اخبار بدر قادیان، ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۶ء)

www.Faizahmedowaisi.com

(۱۹) اور جان کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ پانچویں ہزار میں مبعوث ہوئے (یعنی چھٹی صدی مسیحی میں) ایسا ہی مسیح موعود (مرزا غلام احمد قادیانی) کی بروزی صورت اختیار کر کے چھٹے ہزار (یعنی تیرہویں صدی ہجری) کے آخر میں مبعوث ہوئے۔ (خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۸۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۷۰)

(۲۰) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو بعثت ہیں یا بہ تبدیل الفاظ یوں کہہ سکتے ہیں ایک بروزی رنگ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دوبارہ آنا دنیا میں وعدہ دیا گیا تھا جو مسیح موعود اور مہدی معہود (مرزا قادیانی) کے ظہور سے پورا ہوا۔

(تحفہ گولڑویہ، صفحہ ۹۴، مندرجہ روحانی خزائن حاشیہ، جلد ۱۷، صفحہ ۲۴۹)

(۲۱) **قادیانی اُمت کا کلمہ** ﴿ لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ (نعوذ باللہ) اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں احمد (مرزا غلام احمد) اللہ کے رسول ہیں۔

نوٹ ﴿ محمد حذف کر کے احمد لگا دیا ہے۔ مرزا ناصر احمد کے دورۂ افریقہ پر تصویری کتاب ”Africa Speaks“

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

پراحمدیہ سنٹرل ماسک نائیجریا کا فوٹو موجود ہے وہاں پر یہ کلمہ لکھا ہوا ہے۔

نوٹ اس کلمہ کا انکار کریں تب بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ محمد رسول اللہ پڑھتے وقت بھی محمد رسول اللہ سے مرزا غلام احمد قادیانی ہی مراد ہوتا ہے جیسا کہ صراحۃً عبارات میں موجود ہے۔

(۲۲) اور خدا نے مجھ پر اس رسول کریم کا فیض نازل فرمایا اور اس کو کامل بنایا اور اس نبی کریم کے لطف اور جود کو میری طرف کھینچا یہاں تک کہ میرا وجود اس کا وجود ہو گیا پس وہ جو میری جماعت میں داخل ہوا درحقیقت میرے سردار خیر المرسلین کے صحابہ میں داخل ہوا اور یہی معنی "اٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ" کے لفظ کے بھی ہیں جیسا کہ سوچنے والوں پر پوشیدہ نہیں اور جو شخص مجھ میں اور مصطفیٰ میں تفریق کرتا ہے اس نے مجھ کو نہیں دیکھا ہے اور نہیں پہنچانا ہے۔

(خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۷۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۵۸، ۲۵۹)

(۲۳) اور چونکہ مشابہت تامہ کی وجہ سے مسیح موعود (مرزا قادیانی) اور نبی کریم میں کوئی دوئی باقی نہیں رہی حتیٰ کہ ان دونوں کے وجود بھی ایک وجود کا ہی حکم رکھتے ہیں جیسا کہ خود مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ "صار وجودی وجودہ" یہاں تک کہ میرا وجود اس (محمد رسول اللہ) کا وجود ہو گیا۔ (دیکھو خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۷۱)

اور حدیث میں بھی آیا ہے کہ حضرت نبی کریم نے فرمایا کہ مسیح موعود میری قبر میں دفن کیا جائے گا جس سے یہی مراد ہے کہ وہ میں ہی ہوں یعنی مسیح موعود نبی کریم سے الگ کوئی چیز نہیں ہے بلکہ وہی ہے جو بروزی رنگ میں دوبارہ دنیا میں آئے گا تو اس صورت میں کیا اس بات میں کوئی شک رہ جاتا ہے کہ قادیان میں اللہ تعالیٰ نے پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اُتارا۔

(کلمۃ الفصل، صفحہ ۱۰۴، ۱۰۵، مولفہ مرزا بشیر احمد، مندرجہ ریویو آف ریلیجز قادیان مارچ و اپریل ۱۹۱۵ء)

(۲۴) صدی چودہویں کا ہوا سر مبارک — کہ جس پر وہ بدر الدجیٰ بن کے آیا
محمد پئے چارہ سازی امت — ہے اب احمد مجتبیٰ بن کے آیا
حقیقت کھلی بعثت ثانی کی ہم پر — کہ جب مصطفیٰ مرزا بن کے آیا

(اخبار الفضل قادیان، ۲۸ مئی ۱۹۲۸ء)

(۲۵) اے میرے پیارے مری جان رسول قدنی [۱]
تیرے صدقے تیرے قربان رسول قدنی
پہلی بعثت میں محمد ہے تو اب احمد ہے
تجھ پہ پھر اترا ہے قرآن رسولِ قدنی

(اخبار الفضل قادیان، ۱۶ اکتوبر ۱۹۲۲ء)

[۱] قادیانی (اُویسی غفرلہٗ)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

(۲۶) جبکہ میں بروزی طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوں اور بروزی رنگ میں تمام کمالاتِ محمدی مع نبوت محمدیہ کے میرے آئینہ ظِلِّیَّتْ میں مُنعکِس ہیں تو پھر کون سا الگ انسان ہوا جس نے علیحدہ طور پر نبوت کا دعویٰ کیا؟

(ایک غلطی کا ازالہ، صفحہ ۱۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۱۲)

(۲۷) خدا تعالیٰ کے نزدیک حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) کا وجود خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود ہے یعنی خدا کے دفتر میں حضرت مسیح موعود اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپس میں کوئی دُوئی (فرق) یا مُغَایَرَتْ (اَجنبیت) نہیں رکھتے بلکہ ایک ہی شان، ایک ہی مرتبہ اور ایک ہی منصب اور ایک ہی نام رکھتے ہیں گویا لفظوں میں باوجود دو ہونے کے ایک ہی ہیں۔ (اخبار الفضل قادیان، جلد ۳، شمارہ ۳۷، مورخہ ۱۶ ستمبر ۱۹۱۵ء بحوالہ قادیانی مذہب، صفحہ ۲۰۷، ایڈیشن نہم، لاہور)

(۲۸) گزشتہ مضمون مندرجہ الفضل مورخہ ۱۶ ستمبر ۱۹۱۵ء میں میں نے بفضل الٰہی اس بات کو پایہ ثبوت تک پہنچایا ہے کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) باعتبار نام، کام، آمد، مقام، مرتبہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود ہیں یا یوں کہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جیسا کہ (دنیا کے) پانچویں ہزار میں مَبْعُوثْ (بھیجے) ہوئے تھے ایسا ہی اس وقت جمیع کمالات کے ساتھ مسیح موعود کی بروزی صورت میں مبعوث ہوئے ہیں۔

(الفضل، مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۹۱۵ء بحوالہ قادیانی مذہب صفحہ ۲۰۹ ایڈیشن نہم لاہور)

(۲۹) میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بمُوجِب (مُطابق) آیت "وَّ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ" بُروزی (ظاہری) طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود قرار دیا ہے۔ (ایک غلطی کا ازالہ، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۱۲)

(۳۰) مبارک وہ جس نے مجھے پہچانا، میں خدا کی سب راہوں میں سے آخری راہ ہوں اور میں اس کے سب نوروں میں سے آخری نور ہوں، بدقسمت ہے وہ جو مجھے چھوڑتا ہے کیونکہ میرے بغیر سب تاریکی ہے۔

(کشتی نوح، صفحہ ۵۶، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۶۱)

(۳۱) آسمان سے کئی تخت اترے مگر میرا تخت سب سے اونچا بچھایا گیا۔

(مرزا کا الہام، مندرجہ تذکرہ، طبع چہارم، صفحہ ۶۴۳)

(۳۲) کمالاتِ متفرقہ جو تمام دیگر انبیاء میں پائے جاتے تھے وہ سب حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں ان سے بڑھ کر موجود تھے اور وہ سارے کمالات حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ظلی (پرچھائی کے) طور پر ہم کو عطا کئے گئے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اوراسی لئے ہمارا نام آدم، ابراہیم، موسیٰ، نوح، داؤد، یوسف، سلیمان، یحییٰ، عیسیٰ وغیرہ ہے۔ پہلے تمام انبیاء ظل تھے نبی کریم کی خاص خاص صفات میں اوراب ہم ان تمام صفات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظل ہیں۔

(ملفوظات، جلدسوم، صفحہ ۲۷۰)

روزنامہ الفضل قادیان مسلمانوں کوللکارتے ہوئے کہتا ہے:

(۳۳)اے مسلمان کہلانے والو! اگرتم واقعی اسلام کا بول بالا چاہتے ہواور باقی دنیا کواپنی طرف بلاتے ہوتو پہلے خود سچے اسلام کی طرف آجاؤ (یعنی مسلمانوں کا اسلام جھوٹا ہے نعوذباللہ، ناقل) جو مسیح موعود (مرزا قادیانی) میں ہوکرملتا ہے اسی کے طفیل آج بروتقویٰ کی راہیں کھلتی ہیں اسی کی پیروی سے انسان فلاح کی نجات کی منزلِ مقصود پرپہنچ سکتا ہے وہ وہی فخراولین وآخرین ہے جوآج سے تیرہ سوبرس پہلے رحمۃ للعالمین بن کرآیا تھا۔

(الفضل قادیان، ۲۶ ستمبر ۱۹۱۷ء بحوالہ قادیانی مذہب، صفحہ ۲۱۱، ۲۱۲، طبع نہم، لاہور)

(۳۴)اورجس نے اس بات سے انکارکیا کہ نبی علیہ السلام کی بعثت چھٹے ہزار سے تعلق رکھتی ہے جیسا کہ پانچویں ہزار سے تعلق رکھتی تھی بس اس نے حق کا اورنص قرآن کا انکارکیا بلکہ حق یہ ہے کہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت چھٹے ہزار کے آخر میں یعنی ان دنوں میں بہ نسبت ان سالوں کے اقویٰ اوراکمل اوراشد ہے بلکہ چودھویں رات کے چاند کی طرح ہے۔ (خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۸۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۷۱، ۲۷۲)

(۳۵)اس (آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے چاند کے کسوف (گرہن) کانشان ظاہر ہوا اورمیرے لئے چاند وسورج دونوں کا۔ (اعجازِ احمدی، صفحہ ۱۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۸۳)

دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کی گستاخیاں

(۱) میں کبھی آدم کبھی موسیٰ کبھی یعقوب ہوں۔ نیز ابراہیم ہوں، نسلیں ہیں میری بے شمار۔ (درثمین، صفحہ ۱۲۳)

(۲) خداتعالیٰ میرے لئے اس کثرت سے نشان دکھلا رہا ہے کہ اگرنوح کے زمانہ میں وہ نشان دکھلائے جاتے تو وہ لوگ غرق نہ ہوتے۔ (تتمہ حقیقت الوحی، صفحہ ۱۳۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۵۷۵، ازمرزا قادیانی)

(۳) پس اس امت کا یوسف یعنی یہ عاجز (مرزا قادیانی) اسرائیلی یوسف سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہ عاجز قید کی دعا کرکے بھی قید سے بچایا گیا مگر یوسف بن یعقوب قید میں ڈالا گیا۔

(براہین احمدیہ، حصہ پنجم، صفحہ ۹۹، مندرجہ روحانی خزائن، صفحہ ۹۹، جلد ۲۱، ازمرزاغلام احمد قادیانی)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/
www.FaizAhmedOwaisi.com

(۴) یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں پر باعث ان کے کسی پوشیدہ گناہ کے یہ اِبتِـلا (امتحان) آیا کہ جن راہوں سے وہ اپنے مَوعُود (وعدہ کئے گئے) نبیوں کا انتظار کرتے رہے ان راہوں سے وہ نبی نہیں آئے بلکہ چور کی طرح اور راہ سے آ گئے۔ (حاشیہ نزول المسیح، صفحہ ۳۵، مندرجہ روحانی خزائن، صفحہ ۴۱۳، جلد ۱۸، حاشیہ)

(۵) میں اس بات کا خود قائل ہوں کہ دنیا میں کوئی ایسا نبی نہیں آیا جس نے کبھی اِجتِہَاد میں غلطی نہیں کی۔

(تتمہ حقیقۃ الوحی، صفحہ ۱۳۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۵۷۳)

(۶) زندہ شد ہر نبی بامدنم　　　ہر رسولے نہاں بہ پیرا ہنم

یعنی زندہ ہوا ہر نبی میری آمد سے تمام رسول میرے کرتہ میں چھپے ہوئے ہیں۔

(نزول المسیح، صفحہ ۱۰۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۴۷۸)

(۷) اس (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کے شاگردوں میں علاوہ بہت سے محدثوں کے ایک (مرزا) نے نبوت کا بھی درجہ پایا اور نہ صرف یہ کہ نبی بنا بلکہ .... بعض اولوالعزم نبیوں سے بھی آگے نکل گیا۔ (حقیقۃ النبوۃ، صفحہ ۲۵۷، از مرزا محمود)

(۸) حضرت مسیح موعود (مرزا) کو جو بلحاظ مدارج کئی نبیوں سے بھی افضل ہیں .... ایسے مقام پر پہنچے کہ نبیوں کو اس مقام پر رشک ہے۔ (خطبہ عید، مرزا محمود، اخبار الفضل قادیان، جلد ۲۰، شمارہ ۹۳، مورخہ ۵ جنوری ۱۹۳۳ء)

(۹) آپ (مرزا) کا درجہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا باقی تمام انبیاء سے بلند ہے۔

(اخبار الفضل قادیان، جلد ۲۰، شمارہ نمبر ۱۴۵، مورخہ ۶ جون ۱۹۳۳ء)

(۱۰) جس (مرزا) کے وجود میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی شان جلوہ گر تھی۔

(الفضل قادیان، جلد ۲، نمبر ۱۴۶، مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۱۵ء)

(۱۱) آدمِ ثانی حضرت مسیح موعود (مرزا) جو آدم اول سے شان میں بڑھا ہوا تھا اس کے لئے کیوں نہ کہا جاتا کہ آگ تمہاری غلام بلکہ غلاموں کی غلام ہے۔ (ملائکۃ اللہ، صفحہ ۶۵، تقریر مرزا محمود)

(۱۲) اور خدا تعالیٰ میرے لئے اس کثرت سے نشان دکھلا رہا ہے کہ اگر نوح (علیہ السلام) کے زمانہ میں وہ نشان دکھلائے جاتے تو وہ لوگ غرق نہ ہوتے۔ (تتمہ حقیقۃ الوحی، صفحہ ۱۳۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۵۷۵)

(۱۳) حدیث میں تو ہے کہ اگر موسیٰ وعیسیٰ (علیہما السلام) زندہ ہوتے (حدیث میں صرف موسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے) تو آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اتباع کے بغیر ان کو چارہ نہ ہوتا مگر میں مسیح موعود (مرزا) کے وقت میں بھی موسیٰ وعیسیٰ ہوتے تو مسیح

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

موعود (مرزا) کی ضرور اتباع کرنی پڑتی۔ (مکتوب مرزا محمود اخبار الفضل قادیان، جلد ۳، صفحہ ۹۸، مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۱۶ء)

(۱۴) حضرت مسیح موعود (مرزا) کی اتباع میں میں بھی کہتا ہوں کہ مخالف لاکھ چلائیں کہ فلاں بات ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ھتک (گستاخی) ہوتی ہے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت قائم کرنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا کسی اور کی ہتک ہوتی ہے تو ہمیں اس کی پرواہ نہیں ہوگی۔

(تقریر مرزا محمود، درلائل پور مندرجہ الفضل، جلد ۲۱، صفحہ ۱۳۸، مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۴ء)

(۱۵) انبیاء گرچہ بودہ اند بسے — من بعرفان نہ مکترم ز کسے

یعنی اگرچہ دنیا میں بہت سارے نبی ہوئے ہیں لیکن علم وعرفان میں میں کسی سے کم نہیں ہوں۔

(نزول المسیح، صفحہ ۱۰۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۴۷۷)

(۱۶) خدا تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء علیہم السلام کا مظہر (ظاہر کرنے والا) ٹھہرایا ہے اور تمام نبیوں کے نام میری طرف منسوب کئے ہیں۔ میں آدم ہوں، میں شیث ہوں، میں نوح ہوں، میں ابراہیم ہوں، میں اسحاق ہوں، میں اسماعیل ہوں، میں یعقوب ہوں، میں یوسف ہوں، میں موسیٰ ہوں، میں داؤد ہوں، میں عیسیٰ ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کا میں مُظْهِرِ اَتَمْ ہوں یعنی ظلی طور پر محمد اور احمد ہوں۔

(حاشیہ حقیقۃ الوحی، صفحہ ۷۲، مندرجہ ذیل روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۷۶، حاشیہ)

(۱۷) اور یہ جو فرمایا کہ "وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى" (پارہ ۱، سورۃ البقرہ، آیت ۱۲۵) یہ قرآن شریف کی آیت ہے اور اس مقام میں اس کے یہ معنی ہیں کہ یہ ابراہیم (مرزا غلام احمد قادیانی) جو بھیجا گیا تم اپنے عبادتوں اور عقیدوں کو اس کی طرز پر بجالاؤ اور ہر ایک امر میں اس کے نمونہ پر اپنے تئیں بناؤ۔ (اربعین نمبر ۳، صفحہ ۱۳۸ از مرزا غلام احمد قادیانی)

پس اب کیا یہ پرلے درجہ کی (بڑے درجے کی) بے غیرتی نہیں کہ جہاں ہم "لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ" (پارہ ۳، سورۃ البقرۃ، آیت ۲۸۵) میں داؤد اور سلیمان، زکریا اور یحیٰ علیہم السلام کو شامل کرتے ہیں وہاں مسیح موعود جیسے عظیم الشان نبی کو چھوڑ دیا جائے۔ (کلمۃ الفصل، صفحہ ۱۱۷، مؤلفہ مرزا بشیر احمد مندرجہ ریویو آف ریلیجز قادیان، مارچ اپریل ۱۹۱۵ء)

حضرت عیسیٰ مسیح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی گستاخیاں

(۱) آپ (عیسیٰ علیہ السلام) کو گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی۔ ادنیٰ ادنیٰ بات میں غصہ آجاتا تھا اپنے نفس کو جذبات سے روک نہیں سکتے تھے مگر میرے نزدیک آپ کی یہ حرکات جائے افسوس نہیں کیونکہ آپ تو گالیاں دیتے تھے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

اور یہودی ہاتھ سے کسر نکال لیا کرتے تھے یہ بھی یاد رہے کہ آپ (عیسیٰ علیہ السلام) کو کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔ (حاشیہ انجام آتھم، صفحہ ۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۱، صفحہ ۲۸۹)

(۲) وہ (مسیح ابن مریم) ہر طرح عاجز ہی عاجز تھا۔ مُخْــرَجْ معلوم کی راہ ہے جو پلیدی اور ناپاکی کا مَبْــرَزْ ہے۔ تولد پا کر مدت تک بھوک اور پیاس اور درد اور بیماری کا دکھ اُٹھاتا رہا۔

(براہین احمدیہ، صفحہ ۳۲۹، مندرجہ روحانی خزائن، حاشیہ، جلد ۱، صفحہ ۴۴۱، ۴۴۲)

(۳) آپ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کا خاندان بھی نہایت پاک اور مُــطَــهَّــرْ ہے۔ تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار اور کَسْبِی (بازارو) عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔

(ضمیمہ انجام آتھم، حاشیہ، صفحہ ۷، مندرجہ روحانی خزائن، حاشیہ، جلد ۱۱، صفحہ ۲۹۱)

(۴) موسیٰ علیہ السلام کا چال چلن کیا تھا؟ ایک کھاؤ پیو، نہ زاہد، نہ عابد، نہ حق کا پرستار، متکبر، خود بین، خدا کا دعویٰ کرنے والا۔ (مکتوبات احمدیہ، جلد ۳، صفحہ ۲۱ تا ۲۴)

(۵) یورپ کے لوگوں کو جس قدر شراب نے نقصان پہنچایا ہے اس کا سبب تو یہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے شاید کسی بیماری کی وجہ سے یا پرانی عادت کی وجہ سے۔ (کشتی نوح، حاشیہ، صفحہ ۷۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۷۱)

(۶) ایک دفعہ مجھے ایک دوست نے یہ صلاح دی کہ ذیابیطس کے لئے افیون مفید ہوتی ہے پس علاج کی غرض سے مضائقہ نہیں کہ افیون شروع کر دی جائے میں نے جواب دیا کہ یہ آپ نے بڑی مہربانی کی کہ ہمدردی فرمائی لیکن اگر میں ذیابیطس کے لئے افیون کھانے کی عادت کر لوں تو میں ڈرتا ہوں کہ لوگ ٹھٹھا کر کے یہ نہ کہیں کہ پہلا مسیح تو شرابی تھا اور دوسرا افیونی۔ (نسیم دعوت، صفحہ ۶۹، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۴۳۴، ۴۳۵)

(۷) یسوع اس لئے اپنے تئیں نیک نہیں کہہ سکا کہ لوگ جانتے تھے کہ یہ شخص شرابی، کبابی ہے اور خراب چال چلن نہ خدائی کے بعد بلکہ ابتداء ہی سے ایسا معلوم ہوتا ہے چنانچہ خدائی کا دعویٰ شراب خوری کا ایک بدنتیجہ ہے۔

(مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۰، صفحہ ۲۹۶)

(۸) آپ (یسوع مسیح) کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے اور زنا کاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے۔ سمجھنے والے سمجھ لیں ایسا انسان کس چلن کا آدمی

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہوسکتا ہے۔(ضمیمہ انجام آتھم،صفحہ۷،حاشیہ،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۱،صفحہ۲۹۱)

(۹)لیکن مسیح کی راست بازی اپنے زمانے میں دوسرے راست بازوں سے بڑھ کر ثابت نہیں ہوتی بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر ایک فضیلت ہے کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی کمال کے مال سے اس کے سر پر عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔اسی وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حضور رکھا مگر مسیح کا یہ نام نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔(مقدمہ دافع البلاء،صفحہ۴،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۸،صفحہ۲۲۰)

(۱۰)میرے نزدیک مسیح شراب سے پرہیز رکھنے والا نہیں تھا۔(ریویو،جلد۱،صفحہ۱۲۴)

(۱۱)یہ بھی یاد رہے کہ آپ (عیسیٰ علیہ السلام) کو کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔

(ضمیمہ انجام آتھم،صفحہ۵،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۱،صفحہ۲۸۹،حاشیہ)

(۱۲)عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔

(ضمیمہ انجام آتھم،صفحہ۶،حاشیہ،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۱،صفحہ۲۹۰،حاشیہ)

(۱۳)مسیح کے معجزات اور پیش گوئیوں پر جس قدر اعتراضات اور شکوک پیدا ہوئے ہیں میں نہیں سمجھ سکتا کہ کسی اور نبی کے خوارق (معجزات) یا پیش خبریوں میں کبھی ایسے شبہات پیدا ہوئے ہوں۔کیا تالاب کا قصہ مسیحی معجزات کی رونق دور نہیں کرتا اور پیش گوئیوں کا حال اس سے بھی زیادہ ابتر ہے۔(ازالہ اوہام،صفحہ۶،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۳،صفحہ۱۰۶)

(۱۴)ممکن ہے کہ آپ (یسوع مسیح) نے معمولی تدبیر کے ساتھ کسی شب کور وغیرہ کو اچھا کیا ہو یا کسی اور ایسی بیماری کا علاج کیا ہو مگر آپ کی بدقسمتی سے اسی زمانہ میں ایک تالاب بھی موجود تھا جس سے بڑے بڑے نشان ظاہر ہوتے تھے۔خیال ہوسکتا ہے کہ اس تالاب کی مٹی آپ بھی استعمال کرتے ہوں گے۔اسی تالاب سے آپ کے معجزات کی پوری پوری حقیقت کھلتی ہے اور اسی تالاب نے فیصلہ کردیا ہے کہ اگر آپ سے کوئی معجزہ بھی ظاہر ہوا تو وہ معجزہ آپ کا نہیں بلکہ اس تالاب کا معجزہ ہے اور آپ کے ہاتھ میں سوائے مکر (دھوکا) اور فریب کے اور کچھ نہیں تھا۔

(ضمیمہ انجام آتھم،صفحہ۷،حاشیہ،مندرجہ روحانی خزائن،حاشیہ،جلد۱۱،صفحہ۲۹۱)

(۱۵)خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا جو اس پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے اور اس نے اس دوسرے مسیح کا نام غلام احمد رکھا۔(دافع البلاء،صفحہ۱۳،مندرجہ روحانی خزائن،جلد۱۸،صفحہ۳۳۳)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

(۱۶) خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا جو اس سے پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر مسیح ابن مریم میرے زمانہ میں ہوتا تو وہ کام جو میں کر سکتا ہوں وہ ہرگز نہیں کر سکتا اور وہ نشان جو مجھ سے ظاہر ہو رہے ہیں وہ ہرگز دکھلا نہ سکتا۔

(حقیقۃ الوحی، صفحہ ۱۴۸، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۱۵۲)

(۱۷) پھر جبکہ خدا نے اور اس کے رسول نے اور تمام نبیوں نے آخری زمانے کے مسیح کو اس کے کارناموں کی وجہ سے افضل قرار دیا ہے تو پھر یہ شیطانی وسوسہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ کیوں تم مسیح ابن مریم سے اپنے تئیں افضل قرار دیتے ہو۔

(۱۸) اور (اسلام) نہ عیسائی مذہب کی طرح یہ سکھلاتا ہے کہ خدا نے انسان کی طرح ایک عورت سے پیٹ سے جنم لیا اور نہ صرف نو مہینہ تک خون حیض کھا کر ایک گنہگار جسم سے جو بنت سبع اور تمر اور راحاب جیسی مکار عورتوں کے خمیرُ سے اپنی فطرت میں اَنِیسِیَتُ (ساتھی) کا حصہ رکھتا تھا خون اور ہڈی اور گوشت کو حاصل کیا بلکہ بچپن کے زمانہ میں جو جو بیماریوں کے صُعُو بَتَیںْ (تکالیف) ہیں جیسے خسرہ، چیچک، دانتوں کی تکالیف وغیرہ تکلیفیں وہ سب اُٹھائیں اور بہت سا حصہ عمر کا معمولی انسانوں کی طرح کھو کر آخر موت کے قریب پہنچ کر خدائی یاد آ گئی۔ وجہ یہ کہ وہ خدا تعالیٰ پہلے ہی اپنے فعل اور قول میں ظاہر کر چکا ہے ازلی، ابدی اور غیر فانی ہے اور موت اس پر جائز نہیں ایسا ہی یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ وہ کسی عورت کے رحم میں داخل ہوتا اور خون حیض کھاتا اور قریباً نو ماہ پورے کر کے سیر ڈیڑھ سیر کے وزن پر عورتوں کی پیشاب گاہ سے روتا چلاتا پیدا ہو جاتا ہے اور پھر روٹی کھاتا اور پاخانہ جاتا اور پیشاب کرتا اور تمام دکھ اس فانی زندگی کے اُٹھاتا ہے اور آخر چند ساعت جان کنی کا عذاب اُٹھا کر اس جہانِ فانی سے رخصت ہو جاتا ہے۔

www.Faizahmedowaisi.com

(مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۰، صفحہ ۲۹۷، ۲۹۸)

(۱۹) مردی اور رجولیت انسان کی صفاتِ محمودہ میں سے ہیں۔ ہیجڑا ہونا کوئی اچھی صفت نہیں جیسے بہرہ اور گونگا ہونا کسی خوبی میں داخل نہیں ہاں یہ اعتراض بہت بڑا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام مردانہ صفات کی اعلیٰ ترین صفت سے بے نصیب محض ہونے کے باعث ازواج سے سچی اور کامل حسن معاشرت کا کوئی عملی نمونہ نہ دے سکے۔

(نور القرآن، حصہ دوم، صفحہ ۱۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۹، صفحہ ۳۹۲، ۳۹۳)

(۲۰) ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے

(دافع البلاء، صفحہ ۲۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۴۰)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

(۲۱) نہایت شرم کی بات یہ ہے کہ آپ عیسیٰ علیہ السلام نے پہاڑی تعلیم کو جوانجیل کا مغز کہلاتی ہے یہودیوں کی کتاب ''طالمود'' سے چرا کرلکھا ہےاور پھرایسا ظاہر کیا ہے کہ گویا یہ میری تعلیم ہے۔

(حاشیہ انجام آتھم، صفحہ۶، مندرجہ روحانی خزائن، نمبر۱۱، صفحہ ۲۹۰، ازمرزا قادیانی)

صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار رضی اللّٰہ تعالٰی عنہم اجمعین

(۱) پرانی خلافت کا جھگڑا چھوڑو اب نئی خلافت لو ایک زندہ علی تم میں موجود ہے اس کو چھوڑتے ہو اور مردہ علی کی تلاش کرتے ہو۔ (ملفوظات احمدیہ، جلداول، صفحہ۴۰۰)

(۲) اورانہوں نے کہا کہ اس شخص (مرزا قادیانی) نے امام حسن اور حسین سے اپنے تئیں اچھا سمجھا میں کہتا ہوں کہ ہاں اور میرا خداعنقریب ظاہر کردے گا۔ (اعجاز احمدی، صفحہ۵۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۱۹، صفحہ۱۶۴)

(۳) اور مجھ میں اورتمہارے حسین میں بہت فرق ہے کیونکہ مجھے تو ہر ایک وقت خدا کی تائید اور مدد مل رہی ہے۔

(اعجاز احمدی، صفحہ۷۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۱۹، صفحہ۱۸۱)

(۴) اور میں خدا کا کُشْتَۃ (مارا ہوا) ہوں لیکن تمہارا حسین دشمنوں کا کشتہ ہے پس فرق کھلا کھلا اور ظاہر ہے۔

(اعجاز احمدی، صفحہ۸۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۱۹، صفحہ۱۹۳)

(۵) جیسا کہ ابو ہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) جو غَبِیُ (کم عقل) تھا اور دِرَایتُ (عقل) اچھی نہیں رکھتا تھا۔

(اعجاز احمدی، صفحہ۱۸، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۱۹، صفحہ۱۲۷)

(۶) بعض کم تدبر کرنے والے صحابی جن کی درایت اچھی نہیں تھی جیسے ابو ہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)۔

(حقیقۃ الوحی، صفحہ۳۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۲۲، صفحہ۳۶)

(۷) اکثر باتوں میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بوجہ اپنی سادگی اور کم درایت کے ایسے دھوکے میں پڑ جایا کرتا تھا اور ایسے اُلٹے معنیٰ کرتا تھا کہ جس سے سننے والے کو ہنسی آتی تھی۔

(حقیقۃ الوحی، صفحہ۳۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۲۲، صفحہ۳۶)

(۸) جو شخص قرآن شریف پر ایمان لاتا ہے اس کو چاہیے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کو ایک رَدّی مَتَاعْ (وہ فالتو رَدّی جس کو کمانے کی غرض سے پھینکا یا بیچا جائے) کی طرح پھینک دے۔

(ضمیمہ براہین احمدیہ، پنجم، صفحہ۴۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد۲۱، صفحہ۴۱۰)

https://ataunnabi.blogspot.com/

(۹) بعض نادان صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جن کو درایت سے کچھ حصہ نہ تھا۔

(ضمیمہ براہین احمدیہ، پنجم، صفحہ ۲۸۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۱، صفحہ ۲۸۵)

(۱۰) میں وہی مہدی ہوں جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ حضرت ابوبکر کے درجہ پر ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ابوبکر کیا وہ تو بعض انبیاء سے بہتر ہے۔ (مجموعہ اشتہارات، جلد ۱، صفحہ ۲۷۸)

(۱۱) ابوبکر و عمر کیا تھے وہ تو حضرت غلام احمد کی جوتیوں کے تَسْمَے (چمڑے کی پتلی ڈوری) کھولنے کے لائق نہ تھے۔

(ماہنامہ المہدی، جنوری فروری ۱۹۱۵ء، ۲/۳، صفحہ ۵۷، احمدیہ انجمن اشاعت لاہور)

(۱۲) جو میری جماعت میں داخل ہوا در حقیقت میرے سردار خیر المرسلین کے صحابہ میں داخل ہوا۔

(خطبہ الہامیہ، صفحہ ۱۷۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۶، صفحہ ۲۵۸، ۲۵۹)

(۱۳) اور انہوں نے کہا کہ اس شخص (مرزا قادیانی) نے امام حسن اور امام حسین سے اپنے تئیں اچھا سمجھا میں کہتا ہوں کہ ہاں۔ (اعجاز احمدی، صفحہ ۵۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۶۴)

(۱۴) میں (مرزا) خدا کا کشتہ ہوں لیکن تمہارا حسین دشمنوں کا کشتہ ہے۔

(اعجازِ احمدی، صفحہ ۸۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۹۳)

(۱۵) اے عیسائی مشنریو اب ابن المسیح مت کہو اور دیکھو کہ آج تم میں ایک ہے جو اس مسیح سے بڑھ کر ہے اے قومِ شیعہ تو اس پر مت اصرار کر کہ حسین تمہارا مُنْجِی (داتا) ہے کیونکہ میں سچ کہتا ہوں کہ آج تم میں ایک (مرزا) ہے جو اس حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے بڑھا ہوا ہے۔ (دافع البلاء صفحہ ۲۶، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۲۳۳)

(۱۶) تم نے خدا کے جلال و مجد کو بھلا دیا اور تمہارا وِرد صرف حسین ہے کیا تو انکار کرتا ہے پس یہ اسلام پر ایک مصیبت ہے کستوری کی خوشبو کے پاس گوہ (ذکر حسین) کا ڈھیر ہے۔ (اعجازِ احمدی، صفحہ ۸۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۹۴)

(۱۷) حضرت فاطمہ نے کشفی حالت میں اپنی ران پر میرا سر رکھا اور مجھے دکھایا کہ میں اس میں سے ہوں۔

(ایک غلطی کا ازالہ، صفحہ ۱۱، حاشیہ، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۱، صفحہ ۲۱۳)

(۱۸) اشعار

میری اولاد سب تیری عطا ہے — ہر ایک تیری بشارت سے ہوا ہے
یہ پانچوں جو کہ نسل سیدہ ہیں — یہی ہیں پنجتن جن پر بنا ہے

(درثمین اردو، صفحہ ۵، مجموعہ کلام مرزا)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

www.FaizAhmedOwaisi.com

(۱۹) حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) نے کہا:

کربلائیست سیر ہر آنم صدحسین است در گریبانم

یعنی میرے گریبان میں سو حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں لوگ اس کے معنی یہ سمجھے کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) نے فرمایا ہے کہ میں سو حسین کے برابر ہوں لیکن میں (مرزا محمود) کہتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر اس کا مفہوم یہ ہے کہ سو حسین کی قربانی کے برابر میری ہر گھڑی کی قربانی ہے۔ (خطبہ مرزا محمود، مندرجہ الفضل، جلد ۱۳، شمارہ ۸۰۔ ۲۶ جنوری ۱۹۲۶ء)

(۲۰) ہاں وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اکلوتا بیٹا (مرزا) جس کے زمانہ پر رسولوں نے ناز کیا۔

(کلمۃ الفصل، مرزا بشیر ایم اے، صفحہ ۱۰۱)

(۲۱) کربلا میرے روز کی سیر گاہ ہے حسین جیسے سینکڑوں میرے گریبان میں ہیں۔ (نزول المسیح، صفحہ ۹۹)

(۲۲) میری (مرزا قادیانی) کی اولاد شعائر اللہ میں داخل ہے۔ (الفضل قادیان، جلد ۱۱، صفحہ نمبر ۵۳، ۸ جنوری ۱۹۲۶ء)

(۲۳) عزیزہ امۃ الحفیظ (مرزا قادیانی کی لڑکی) سارے انبیاء کی بیٹی ہے۔

(الفضل قادیان، جلد ۲، نمبر ۱۵۶، مورخہ ۱۷ جنوری ۱۹۱۵ء)

(۲۴) مرزا قادیانی کی گھر والی ام المومنین ہے۔ (سیرۃ المہدی)

قرآنِ کریم اور احادیث مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخیاں اور قادیانی القائے شیطانی کے نمونے

(۱) آنچہ من بشنوم زوحی خدا بخدا پاك دانمش ز خطاء

همچوں قرآن منزاش دانم از خطاها همینست ایمانم

بخدا هست ایں کلام مجید از دهان خدائے پاك وحید

(نزول المسیح، صفحہ ۹۹، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۴۷۷)

یعنی جو کچھ میں اللہ کی وحی سے سنتا ہوں خدا کی قسم اسے ہر قسم کی خطا سے پاک سمجھتا ہوں قرآن کی طرح میری وحی خطاؤں سے پاک ہے یہ میرا ایمان ہے خدا کی قسم یہ کلامِ مجید ہے خدائے پاک وحدہ کے منہ سے۔

(۲) مرزا نے اپنا الہام لکھا کہ "ما انا الا کاالقرآن" قرآن خدا کی کتاب اور میرے (مرزا) منہ کی باتیں ہیں۔

(تذکرہ، صفحہ ۶۷۴، طبع چہارم)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

www.FaizAhmedOwaisi.com

(۳) میرے اس دعویٰ کی حدیث بنیاد نہیں بلکہ قرآن اور وہ وحی ہے جو میرے پر نازل ہوئی ہاں تائیدی طور پر ہم وہ حدیثیں بھی پیش کرتے ہیں جو قرآن شریف کے مطابق ہیں اور میری وحی کے معارض نہیں اور دوسری حدیثوں کو ہم ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں۔ (اعجازِ احمدی، صفحہ ۳۱، مندرجہ ذیل روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۴۰)

(۴) پھر اقرار کرنا پڑے گا کہ قرآن شریف میں گندی گالیاں بھری ہیں اور قرآنِ عظیم سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے۔ (مفہوم) (ازالہ اوہام، صفحہ ۸، حاشیہ، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، صفحہ ۴۸۲)

(۵) میں قرآن کی غلطیاں نکالنے آیا ہوں جو تفسیروں کی وجہ سے واقع ہو گئی ہیں۔ (مفہوم)

(ازالہ اوہام، صفحہ ۲۸۸، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، صفحہ ۴۸۲)

(۶) قرآن زمین پر سے اُٹھ گیا تھا میں قرآن کو آسمان پر سے لایا ہوں۔ (مفہوم)

(ازالہ اوہام، صفحہ ۲۹۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، صفحہ ۴۵۵، ۴۶۶)

(۷) میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جیسا کہ قرآن شریف پر اور خدا کی دوسری کتابوں پر اور جس طرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے خدا کا کلام یقین کرتا ہوں۔ (حقیقۃ الوحی، صفحہ ۲۱۱، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۲۲۰)

(۸) یہی وجہ ہے کہ مرزا پر خود ساختہ نازل ہونے والی وحی کے مجموعہ کا نام ''تذکرہ'' رکھا حالانکہ قرآن مجید کا ایک نام ''تذکرہ'' بھی ہے ''کَلَّآ اِنَّھَا تَذْکِرَۃٌ'' (پارہ ۳۰، سورۂ عبس، آیت ۱۱) ''یوں نہیں یہ تو سمجھانا ہے۔''

(۹) یہ بھی مدت سے الہام ہو چکا ہے کہ ''انا انزلنا ہ قریبا من القادیان'' میں نے اپنے دل میں کہا کہ ہاں واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف میں درج ہے۔ (ازالہ اوہام، صفحہ ۷۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، حاشیہ، صفحہ ۱۴۰)

www.Faizahmedowaisi.com

حرمین طیبین کی توہین اور قادیان مسکن شیطان کی شان

(۱) حضرت مسیح موعود (مرزا) نے اس کے متعلق بڑا زور دیا ہے کہ بار بار یہاں نہ آئے گا مجھے ان کے ایمان کا خطرہ ہے جو قادیان سے تعلق نہیں رکھے گا وہ کاٹا جائے گا۔ تم ڈرو کہ تم سے نہ کوئی کاٹا جائے پھر یہ تازہ دودھ کب تک رہے گا آخر ماؤں کا دودھ بھی سوکھ جایا کرتا ہے کیا مکہ اور مدینہ کی چھاتیوں سے یہ دودھ سوکھ گیا کہ نہیں؟

(مرزا محمود، مندرجہ حقیقت الرؤیا، صفحہ ۴۶)

(۲) روضۂ مصطفیٰ نہایت متعفن (بدبودار) معاذ اللہ اور حشرات الارض (کیڑے مکوڑوں) کی جگہ ہے۔

(حاشیہ تحفہ گولڑویہ، صفحہ ۱۱۲)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

زمین قادیان اب محترم ہے　　　ہجوم خلق سے ارض حرم ہے

(درثمین اردو کلام مرزا صفحہ ۵۲)

(۳) مقامِ قادیان وہ مقام ہے جس کو خدا تعالیٰ نے تمام دنیا کے لئے ناف کے طور پر فرمایا (حالانکہ یہ مکہ مکرمہ بیت اللہ شریف کے لئے ہے۔ناقل) اوراس کو تمام جہانوں کے لئے ام قرار دیا ہے۔(خطبہ مرزا محمود، الفضل قادیان، ۳ جنوری ۱۹۲۵ء)

(۴) تین شہروں کا نام اعزاز کے ساتھ قرآن شریف میں درج کیا گیا ہے مکہ اور مدینہ اور قادیان۔

(ازالہ اوہام، صفحہ ۳۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، صفحہ ۱۴۰، حاشیہ)

(۵) ہم مدینہ کی عزت کر کے خانہ کعبہ کی ہتک کرنے والے نہیں ہو جاتے اسی طرح قادیان کی عزت کر کے مکہ معظّمہ یا مدینہ منورہ کی توہین کرنے والے نہیں ہو سکتے۔ خدا تعالیٰ نے ان تینوں مقامات (مکہ، مدینہ، قادیان) کو مقدس کیا اور ان تینوں مقامات کو اپنی تجلیات کے لئے چُن لیا۔(تقریر مرزا محمود الفضل قادیان، ۳ ستمبر ۱۹۳۵ء)

(۶) قادیان کیا ہے؟ خدا کے جلال اور اس کی قدرت کا چمکتا ہوا نشان ہے۔ قادیان خدا کے مسیح (مرزا) کا مولد مسکن اور مدفن ہے۔(الفضل، ۱۳ دسمبر ۱۹۲۹ء)

(۷) میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بتا دیا ہے کہ قادیان کی زمین بابرکت ہے یہاں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ والی برکات نازل ہوتی ہیں۔(مرزا محمود الفضل، ۱۱ دسمبر ۱۹۳۲ء)

(۸) حضرت مسیح موعود (مرزا) نے فرمایا کہ جو لوگ قادیان نہیں آتے مجھے ان کے ایمان کا خطرہ رہتا ہے۔

(۹) عرب نازاں گر ارضِ حرم پر ہے　　تو ارض قادیان فخر عجم ہے　　(الفضل ۲۵ دسمبر ۱۹۳۲ء)

(۱۰) ”وَمَنْ دَخَلَه كَانَ اٰمِنًا“ قادیان کی مسجد جائے امن ہے۔

(تبلیغ رسالت، جلد ششم، صفحہ ۱۵۲، ۱۵۳، مجموعہ اشتہارات)

(۱۱) ”سُبْحٰنَ الَّذِىْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا“ مسجد اقصیٰ سے مراد مسیح موعود (مرزا) کی مسجد ہے قادیان میں واقع ہے۔(خطبہ الہامیہ، صفحہ ۲۱، مندرجہ روحانی خزائن، حاشیہ، جلد ۱۶، صفحہ ۲۱)

(۱۲) ہمارا جلسہ بھی حج کی طرح ہے جیسا کہ حج میں رَفَث (بے شرمی)، فسوق اور جدال منع ہے۔

(خطبہ مرزا محمود مندرجہ برباکت خلافت، مجموعہ تقاریر مرزا محمود جلسہ سالانہ ۱۹۱۴ء)

(۱۳) جیسے احمدیت کے بغیر (یعنی مرزا) کو چھوڑ کر جو اسلام باقی رہ جاتا ہے وہ خشک اسلام ہے اسی طرح اس ظلی حج (جلسہ

https://ataunnabi.blogspot.com/

قادیان) کوچھوڑ کر مکہ والا حج بھی خشک رہ جاتا ہے۔ (پیغام صلح، ۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء)

(۱۴) لوگ معمولی اور نفلی طور پر حج کرنے کو بھی جاتے ہیں مگر اس جگہ (قادیان میں) نفلی حج سے ثواب زیادہ ہے اور غافل رہنے میں نقصان اور خطرہ کیونکہ سلسلہ آسمانی ہے اور حکم ربانی۔

(آئینہ کمالات، صفحہ ۳۵۲، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۵، صفحہ ۳۵۲)

(۱۵) اس روز کشفی طور پر میں نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب مرحوم مرزا غلام قادر [1] میرے قریب بیٹھ کر باآواز بلند قرآن شریف پڑھ رہے ہیں اور پڑھتے پڑھتے انہوں نے ان فقرات کو پڑھا **"انا انزلنه قريبا من القاديان"** تو میں نے سن کر بہت تعجب کیا کہ کیا قادیان کا نام بھی قرآن شریف میں لکھا ہوا ہے؟ تب انہوں نے کہا کہ یہ دیکھو لکھا ہوا ہے تب میں نے نظر ڈال کر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت قرآن شریف کے دائیں صفحہ شاید قریب نصف کے موقع پر یہی الہامی عبارت لکھی ہوئی موجود ہے تب میں نے اپنے دل میں کہا کہ ہاں واقعی طور پر قادیان کا نام قرآن شریف میں درج ہے اور میں نے کہا تین شہروں کا نام اعزاز کے ساتھ قرآن شریف میں درج کیا گیا ہے۔ مکہ، مدینہ اور قادیان۔

(ازالہ اوہام حاشیہ، حصہ اول، صفحہ ۴۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۳، صفحہ ۴۰، از مرزا غلام احمد قادیانی)

[1] **لطیفہ** اس مرزا غلام قادر کو امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا استاد لکھ مارا اسے کہتے ہیں چوری سینہ زوری۔ لکھنے والا ظہیر غیر مقلد وہابی اور اس کی تصدیق کنندگان جملہ وہابی اور دیوبندی "عجب رنگ ہیں زمانے کے"۔ اُویسی غفرلہ

یاد رہے کہ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کے ایک استاد مکرم کا نام غلام قادر بیگ تھا مخالفین نے نام کے التباس سے جھوٹ لکھا۔ اُویسی غفرلہ

اولیاء کرام وعلماءِ عظام کی گستاخیاں سجادہ نشین اور فقیر اور مولویت کے شتر مرغ یہ سب شیاطین الانس ہیں اور میں اعلان سے کہتا ہوں کہ جس قدر فقراء میں سے اس عاجز (قادیانی) کے مکفر (کافر کہنے والے) یا مکذب ہیں وہ تمام اس کامل نعمت مکالمہ الٰہیہ سے بے نصیب ہیں اور محض یاوہ گو اور ژاژ خا (بیکار باتیں کرنے والے) ہیں۔ مُکَذِّبِیْنْ (جھوٹوں) کے دلوں پر خدا کی لعنت ہے۔

(ضمیمہ انجام، حاشیہ، صفحہ ۴ تا ۳۳ ملخصاً، روحانی خزائن، جلد ۱۱، صفحہ ۳۰۲، ۳۰۳)

(۲) حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے متعلق لکھا مجھے (مرزا) ایک کتاب کَـذَّابْ (بہت جھوٹ بولنے والے) کی طرف سے پہنچی ہے وہ کتاب خبیث اور بچھو کی طرح نیش (کانٹا) زن (عورت) ہے پس میں نے کہا کہ اے گولڑہ کی زمین تجھ پر لعنت تو ملعون (پیر صاحب) کے سبب سے ملعون ہوگئی پس تو قیامت کو ہلاکت میں پڑے گی۔

(اعجاز احمدی، صفحہ ۷۵، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۹، صفحہ ۱۸۸)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

لومڑی کی طرح بھاگتا پھرتا ہے جاہل بے حیا۔(نزول المسیح ،صفحہ ۶۳ ،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۸،صفحہ ۴۴۱)

(۳)مہر علی (گولڑوی سرکار) نے ایک مردہ کا کفن چرا کر کفن دوزوں کی طرح قابل شرم چوری کی ہے نہ صرف چور بلکہ کذاب بھی "لعنۃ اللہ علی الکاذبین" محمد حسن نے جھوٹ کی نجاست کھا کر نجاست پیر صاحب (گولڑوی سرکار) کے منہ میں رکھ دی اس کے مردار کو چرا کر پیر مہر علی نے اپنی کتاب میں کھالیا۔

(نزول المسیح ،حاشیہ،صفحہ ۷۰،۷۱،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۸،صفحہ ۴۴۹)

(۴)صاحب تفسیر حقانی مولانا عبدالحق دہلوی کے متعلق لکھا ہے وہ لاف زنوں (گھمنڈی عورتوں) کا رئیس ہے اسی طرح مولانا عبداللہ ٹونکی مولانا احمد علی محدث نجاری سہانپوری کو بھی۔

(انجام آتھم ،صفحہ ۲۵۱،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۱،صفحہ ۲۵۱)

(۵)اے بدذات فرقہ مولویاں کب وہ وقت آئے گا کہ تم یہودیانہ خصلت کو چھوڑو گے۔

(انجام آتھم ،حاشیہ،صفحہ ۲۱،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۱،صفحہ ۲۱)

(۶)اے بے ایمانو! نیم عیسائیو! دجال کے ہمراہ رہیو اسلام کے دشمنوں تمہاری ایسی تیسی ہے۔

(اشہار العالی تین ہزار،حاشیہ،صفحہ ۵،مجموعہ اشتہارات،جلد ۲،صفحہ ۷۰،۶۹)

(۷)جھوٹے آدمیوں کی یہ نشانی ہے کہ جاہلوں کے روبرو تو بہت لاف وگزاف (شیخی) مارتے ہیں مگر جب کوئی دامن پکڑ کر پوچھے کہ ذرا ثبوت دے کر جاؤ تو جہاں سے نکلے تھے وہیں داخل ہوجاتے ہیں۔(حیاتِ احمد،جلد ۳،صفحہ ۲۵)

(۸)جو شخص تیری (مرزا قادیانی) کی پیروی نہیں کرتا اور تیری بیعت میں داخل نہ ہوگا اور تیرا مخالف رہے گا وہ خدا اور رسول کی نافرمانی کرنے والا جہنمی ہے۔(اشتہار معیار الاخبار،صفحہ ۸)

(۹)ہمارے مخالف سخت شرمندہ اور لاجواب ہو کر آخر کو یہ عذر پیش کردیتے ہیں کہ ہمارے بزرگ ایسا ہی کہتے چلے آئے ہیں نہیں سوچتے کہ وہ بزرگ معصوم نہ تھے بلکہ جیسا کہ یہودیوں کے بزرگوں نے پیش گوئیوں کے سمجھنے میں ٹھوکر کھائی ان بزرگوں نے بھی ٹھوکر کھالی۔ (ضمیمہ براہین پنجم،صفحہ ۱۲۴،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۲۱،صفحہ ۲۹۰)

(۱۰)میں خاتم الاولیاء ہوں میرے بعد کوئی ولی نہیں مگر وہ جو مجھ سے ہوگا۔

(خطبہ الہامیہ،صفحہ ۳۵،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۶،صفحہ ۷۰)

(۱۱)جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں سے گزر چکے ہیں میں ان سب سے افضل ہوں۔(مفہوم)

(حقیقۃ قادیان،جلد ۳،نمبر ۱۰۷،مورخہ ۱۸ اپریل ۱۹۰۶ء)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

(۱۲) سو یہ عاجز (مرزا) بیان کرتا ہے نہ فخر کے طریق بلکہ واقعی طور پر "شکراً نعمة الله" کہ اس عاجز کو خدا تعالیٰ نے ان ہستیوں پہ فضیلت بخشی کہ جو حضرت مجدد صاحب (الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) سے بہتر ہے۔

(حیاتِ احمد، جلد۲، صفحہ ۷۹، مولفہ یعقوب قادیانی)

(۱۳) جب حضرت صاحب (مرزا) نے علماء و مشائخ ہند کو جو خط لکھا اس میں سلام مسنون بسم اللہ وغیرہ نہیں لکھی کیونکہ وہ مسلمان نہ تھے اور آپ (مرزا) ان کو مسلمان نہ سمجھتے تھے بلکہ کافر فرقہ قرار دیتے تھے۔

(اخبار الفضل قادیان، جلد ۸، شمارہ ۴، مورخہ ۲۲ جولائی ۱۹۲۱ء)

قادیان کو نہ ماننے والے کافر اور حرام زادے

(۱) مسیح موعود (مرزا) کے منکروں کو مسلمان کہنے کا عقیدہ ایک خبیث عقیدہ ہے جو ایسا عقیدہ رکھے اس کے لئے رحمت الٰہی کا دروازہ بند ہے۔ (کلمۃ الفصل، صفحہ ۱۳۵)

(۲) اب دیکھو خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو نوح کی کشتی قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے اس کو مدارِ نجات ٹھہرایا۔ (اربعین نمبر ۴، مرزا غلام احمد قادیانی، حاشیہ، صفحہ ۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۷، صفحہ ۴۳۵)

(۳) کل مسلمان جو حضرت مسیح موعود (مرزا) کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے خواہ انہوں نے حضرت مسیح موعود (مرزا) کا نام بھی نہیں سنا وہ کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ (آئینہ صداقت، صفحہ ۳۵، مصنفہ مرزا محمود احمد قادیان)

(۴) ایسا شخص جو موسیٰ کو تو مانتا ہے مگر عیسیٰ کو نہیں مانتا یا عیسیٰ کو مانتا ہے مگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو نہیں مانتا یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مانتا ہے پر مسیح موعود (مرزا) کو نہیں مانتا وہ نہ صرف کافر بلکہ پکا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

(کلمۃ الفصل، صفحہ ۱۱۰، مرزا بشیر احمد بن مرزا غلام احمد قادیانی، مندرجہ ریویو، جلد ۱۴، مارچ/اپریل ۱۹۱۵ء)

(۵) جو میرے مخالف تھے ان کا نام عیسائی اور یہودی اور مشرک رکھا گیا۔

(نزول المسیح، صفحہ ۴، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۳۸۲، حاشیہ)

(۶) اور ہماری فتح کا قائل نہیں ہوگا تو صاف سمجھا جائے گا کہ اس کو ولد الحرام بننے کا شوق ہے اور حلال زادہ نہیں۔

(انوار الاسلام، صفحہ ۳۰، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۹، صفحہ ۳۱)

(۷) دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئی ہیں۔

(نجم الہدیٰ، صفحہ ۵۳، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۴، صفحہ ۵۳)

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

www.FaizAhmedOwaisi.com

(۸) تحریک احمدیت اسلام کے ساتھ وہی رشتہ رکھتی ہے جو عیسائیت کا یہودیت کے ساتھ تھا۔

(منقول از مباحثہ راولپنڈی، صفحہ ۲۴۰)

(۹) کفر دو قسم پر ہے ایک کفر یہ کہ ایک شخص اسلام سے ہی انکار کرتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کا رسول نہیں مانتا دوسرے یہ کفر کہ مثلاً وہ مسیح موعود (مرزا) کو نہیں مانتا اور اس کو باوجود تمام حجت کے جھوٹا جانتا ہے جس کے ماننے اور سچا جاننے کے بارے میں خدا اور رسول نے تاکید کی ہے اور پہلے نبیوں کی کتابوں میں بھی تاکید پائی جاتی ہے پس اس لئے کہ وہ خدا اور رسول کے فرمان کا منکر ہے، کافر ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔ (حقیقۃ الوحی، صفحہ ۱۷۹، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۲۲، صفحہ ۱۸۵)

(۱۰) میری ان کتابوں کو ہر مسلمان محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کے معارف سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور میری دعوت کی تصدیق کرتا ہے اور اسے قبول کرتا ہے مگر رنڈیوں (بدکار عورتوں) کی اولاد نے میری تصدیق نہیں کی۔ (ترجمہ)

(آئینہ کمالاتِ اسلام، صفحہ ۵۴۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۵، صفحہ ۵۴۷، ۵۴۸)

(۱۱) اصل عبارت عربی میں ہے اس کا ترجمہ ہم نے لکھا ہے۔ مرزا کے الفاظ یہ ہیں "الا ذریتہ البغایا" عربی کا لفظ "البغایا" جمع کا صیغہ ہے اور واحد اس کا "بغیۃ" ہے جس کا معنی بدکار، فاحشہ، زانیہ ہے۔ خود مرزا نے خطبہ الہامیہ صفحہ ۱۷ میں لفظ "بغایا" کا ترجمہ بازاری عورتیں کیا ہے اور ایسے ہی انجام آتھم کے صفحہ ۲۸۲، نور الحق، حصہ اول، صفحہ ۱۲۳ میں لفظ "بغایا" کا ترجمہ نسل بدکاران، زنا کار، زن بدکار وغیرہ کیا ہے۔

(۱۲) خدا تعالیٰ نے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں ہے۔ (تذکرہ، صفحہ ۶۰۰، الہام مارچ ۱۹۰۶ء)

(۱۳) حضرت مسیح موعود (مرزا) نے اس احمدی پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا ہے کہ اپنی لڑکی غیر احمدی کو دے۔ آپ کو ایک شخص نے بار بار پوچھا اور کئی قسم کی مجبوریوں کو پیش کیا تو آپ نے یہی فرمایا کہ لڑکی کو بٹھائے رکھو لیکن غیر احمدیوں میں نہ دو۔ آپ کی وفات کے بعد اس نے غیر احمدیوں کو لڑکی دے دی تو حضرت خلیفہ اول حکیم نور الدین نے اس کو احمدی مسجد کی امامت سے ہٹا دیا اور جماعت خارج کر دیا اور اپنی خلافت کے چھ سالوں میں اس کی توبہ قبول نہ کی باوجود کہ وہ بار بار توبہ کرتا رہا۔ (انوارِ خلافت، صفحہ ۹۳، ۹۴، مصنفہ مرزا محمود)

(۱۴) حضرت مسیح موعود کا حکم اور زبردست حکم ہے کہ کوئی احمدی غیر احمدی کو اپنی لڑکی نہ دے اس کی تعمیل کرنا بھی ہر احمدی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کافر ہے۔(برکاتِ خلافت مجموعہ تقاریر محمود،صفحہ ۲۵)

(۱۵)پانچویں بات جو کہ اس زمانہ میں ہماری جماعت کے لئے نہایت ضروری ہے وہ غیر احمدی کو رشتہ دینا ہے جو شخص غیر احمدی کو رشتہ دیتا ہے وہ یقیناً حضرت مسیح موعود کو نہیں سمجھتا نہ یہ جانتا ہے کہ احمدیت کیا چیز ہے کیا کوئی غیر احمدیوں میں ایسا بے دین ہے جو کسی ہندو یا عیسائی کو اپنی لڑکی دے دے ان لوگوں کو تم کافر سمجھتے ہو مگر اس معاملہ میں وہ تم سے اچھے رہے کہ کافر ہو کر بھی کسی کافر کو لڑکی نہیں دیتے مگر احمدی کہلا کر کافر کو دے دیتے ہو۔(ملائکۃ اللہ،صفحہ ۴۶ مرزا محمود)

اور مجھے بشارت دی گئی ہے کہ جس نے تجھے شناخت کرنے کے بعد تیری دشمنی اور تیری مخالفت اختیار کی وہ جہنمی ہے۔

(تذکرہ مجموعہ الہامات،صفحہ ۱۶۸،طبع دوم،از مرزا غلام احمد قادیانی)

(۱۶)اس الہام کی تشریح میں حضرت مسیح موعود نے "اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا "غیر احمدی مسلمانوں کو قرار دیا ہے۔

(کلمۃ الفصل،صفحہ ۴۳،از مرزا بشیر احمد ایم اے ابن مرزا غلام احمد قادیانی)

(۱۷)ہم تو دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود (مرزا) نے غیر احمدیوں کے ساتھ صرف وہی سلوک جائز رکھا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسائیوں کے ساتھ کیا۔غیر احمدیوں سے ہماری نمازیں الگ کی گئیں،ان کو لڑکیاں دینا حرام قرار دیا گیا،ان کے جنازے پڑھنے سے روکا گیا،دینی تعلق کا سب سے بڑا ذریعہ عبادت کا اکٹھا ہونا ہے اور دینوی تعلق کا بھاری ذریعہ رشتہ وناطہ ہے سو یہ دونوں ہمارے لئے حرام قرار دیئے گئے۔اگر کہو کہ ہم کو ان کی لڑکیاں لینے کی اجازت ہے تو میں کہتا ہوں کہ نصاریٰ کی لڑکیاں لینے کی بھی اجازت ہے۔

(کلمۃ الفصل،جلد ۱۴،صفحہ ۱۶۹،مصنفہ مرزا بشیر احمد پسر مرزا قادیانی)

(۱۸)پس یاد رکھو کہ جیسا کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے تمہارے پر حرام ہے اور قطعی حرام ہے کہ کسی مُکَفِّر اور مُکَذِّب یا مُتَــرَدِّدْ (بہت فکر سے کام کرنے والا اور شدت سے انکار کرنے والا کسی غلط بات وکام پر یا فکر مند) کے پیچھے نماز پڑھو بلکہ چاہیے کہ تمہارا وہی امام ہو جو تم میں سے ہو۔ (اربعین،نمبر ۳،صفحہ ۳۴،حاشیہ،مندرجہ روحانی خزائن،جلد ۱۷،صفحہ ۴۱۷)

(۱۹)ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور نہ ان کے پیچھے نماز پڑھیں کیونکہ ہمارے نزدیک وہ خدا تعالیٰ کے ایک نبی کے منکر ہیں۔(انوارِ خلافت،صفحہ ۹۰،از مرزا محمود)

(۲۰)غیر احمدی مسلمانوں کا جنازہ پڑھنا جائز نہیں حتی کہ غیر احمدی معصوم بچے کا بھی جائز نہیں۔

(انوارِ خلافت،صفحہ ۹۳،از مرزا محمود نیز الفضل،مورخہ ۲۱ اگست ۱۹۱۷ء الفضل ۳۰ جولائی ۱۹۳۱ء)

(۲۱)نیز معلوم عام بات ہے کہ چودھری ظفر اللہ خان وزیر خارجہ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی نمازِ جنازہ میں شریک نہیں ہوا اور الگ بیٹھا رہا جب اسلامی اخبارات اور مسلمان اس چیز کو منظر عام پر لائے تو جماعت احمدیہ کی طرف سے جواب دیا گیا کہ جناب چودھری محمد ظفر علی خان صاحب پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ آپ نے قائداعظم کا جنازہ نہیں

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

پڑھا تمام دنیا جانتی ہے کہ قائداعظم احمدی نہ تھے لہٰذا جماعت احمدیہ کے کسی فرد کا ان کا جنازہ نہ پڑھنا کوئی قابل اعتراض بات نہیں۔

(ٹریکٹ ۲۲، عنوان احراری علماء کی راست گوئی کا نمونہ، الناشر مہتمم نشر و اشاعت نظارت دعوت و تبلیغ، صدر انجمن احمدیہ ربوہ ضلع جھنگ)

(۲۲) جب قادیانی امت پر مسلمانوں کی جانب سے اعتراض کیا گیا کہ قائداعظم مسلمانوں کے محسن تھے اور تمام ملت اسلامیہ نے ان کا جنازہ پڑھا ہے تو جماعت احمدیہ نے جواب دیا کہ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ابو طالب بھی قائداعظم کی طرح مسلمانوں کے بہت بڑے محسن تھے مگر نہ مسلمانوں نے آپ کا جنازہ پڑھا اور نہ رسول خدا نے۔

(الفضل، ۲۸ اکتوبر ۱۹۵۲ء)

(۲۳) حضرت مسیح موعود (مرزا) کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ میرے کانوں میں گونج رہے ہیں آپ نے فرمایا کہ یہ غلط ہے کہ دوسرے لوگوں سے ہمارا اختلاف صرف وفاتِ مسیح اور چند مسائل میں ہے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی ذات، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ غرض یہ کہ آپ نے تفصیل سے بتایا کہ ایک ایک چیز میں ان سے اختلاف ہے۔ (خطبہ مرزا محمود الفضل، جلد ۱۹، نمبر ۱۳)

(۲۴) کیا مسیح ناصری نے اپنے پیروؤں کو یہودیوں سے الگ نہیں کیا؟ کیا وہ انبیاء جن کے سوانح کا علم ہم تک پہنچا ہے اور ہمیں ان کے ساتھ جماعتیں بھی نظر آتی ہیں انہوں نے اپنی جماعتوں کو غیر سے الگ نہیں کیا؟ ہر شخص کو ماننا پڑے گا کہ بے شک کیا ہے پس۔

(۲۵) اگر حضرت مرزا صاحب نے ہی جو کہ نبی اور رسول ہیں اپنی جماعت کو منہاج نبوت کے مطابق غیروں سے علیحدہ کر دیا تو نئی اور انوکھی بات کون سی ہے۔ (الفضل، جلد ۵، شمارہ ۶۹، صفحہ ۷۰)

(۲۶) مگر جس دن سے کہ تم احمدی ہوئے تمہاری قوم تو احمدیت ہوگئی شناخت اور امتیاز کے لئے اگر کوئی پوچھے تو اپنی ذات یا قوم بتا سکتے ہو ورنہ اب تو تمہاری گوت (ذات)، تمہاری احمدی ہی ہے پر احمدیوں کو چھوڑ کر غیر احمدیوں میں کیوں قوم تلاش کرتے ہو؟ (ملائکۃ اللہ صفحہ ۴۶، ۴۷، از مرزا محمود)

(۲۷) میں نے اپنے نمائندہ کی معرفت ایک بڑے ذمہ دار انگریز افسر کو کہلوا بھیجا ہے کہ پارسیوں اور عیسائیوں کی طرح ہمارے حقوق بھی تسلیم کئے جائیں جس پر اس افسر نے کہا کہ وہ تو اقلیت ہیں اور تم ایک مذہبی فرقہ ہو۔ اس پر میں نے کہا کہ پارسی اور عیسائی بھی تو مذہبی فرقہ ہیں جس طرح ان کے حقوق علیحدہ تسلیم کئے گئے ہیں اسی طرح ہمارے بھی کئے جائیں تم ایک پارسی پیش کر دو اس کے مقابلہ میں دو دو احمدی پیش کرتا جاؤں گا۔

(مرزا بشیر الدین محمود کا بیان، مندرجہ الفضل، ۱۳ نومبر ۱۹۴۶ء)

https://ataunnabi.blogspot.com/

(۲۸) کیونکہ غیر احمدی جب بلا استثناء کافر ہیں تو ان کے چھ ماہ کے بچے بھی کافر ہوئے اور جب وہ کافر ہوئے تو احمدی قبرستان میں ان کو کیسے دفن کیا جا سکتا ہے۔ (اخبار پیغام صلح، جلد۲۴، نمبر۲۹، مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۳۶ء)

(۲۹) کیا کوئی شیعہ راضی ہوسکتا ہے کہ اس کی پاک دامن ماں ایک زانیہ کنجری کے ساتھ دفن کردی جائے اور کافر تو زناکار سے بدتر ہے۔ (نزول المسیح صفحہ ۴۷، مندرجہ روحانی خزائن، جلد ۱۸، صفحہ ۴۲۵)

مسلمان چونکہ مرزائیوں کے نزدیک کافر ہیں اس لئے وہ مرزائیوں کے قبرستان میں دفن نہیں ہوسکتے۔ (اُویسی غفرلہ)

آخری فیصلہ فقیر اُویسی غفرلہ نے قادیانی مذہب کے حوالہ جات انہی کی کتابوں رسالوں سے دیانت داری کے ساتھ بلا کم و کاست درج کئے ہیں اب فیصلہ قارئین کے ہاتھ میں ہے کہ ان کی تصدیق یعنی انہیں سچا سمجھیں تو جہنم میں جانا پڑے گا اگر واقعی یقیناً ان حوالہ جات کے مطابق قادیانی مرزا کافر، مرتد، خارج از اسلام سمجھتے ہیں تو مذہب مرزا پر لعنت بھیجئے اگر اس میں بدقسمتی سے داخل بھی ہوئے ہیں تو فوراً تائب ہو کر اہل سنت کا مذہب اختیار کیجئے ورنہ قیامت میں غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکاروں کے ساتھ جہنم میں ہمیشہ ٹھہرنا ہوگا۔

انتخاب بدستِ آنجناب فقیر ذیل میں دو صورتیں پیش کرتا ہے ان میں سے ایک کو ابھی اختیار کر لیجئے۔

(۱) امام الانبیاء والمرسلین، رحمۃ للعالمین، سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی اور نیازمندی اور ان کے کلمہ طیبہ پر ایمان و تصدیق دل و جان سے اختیار فرمائیے اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ مرنے کے بعد تا قیامت پھر قیامت میں اور قیامت کے بعد ہمیشہ ہمیشہ جنت الفردوس کی اقامت نصیب ہوگی۔

(۲) غلام احمد قادیانی دجال اور نبوت کے دعویٰ میں جھوٹا اور پرلے درجہ کا گستاخ کی ٹولی ہے اس میں رہنا ہے تو دائمی بربادی و تباہی مرتے ہی سیدھا جہنم اور پھر ہمیشہ ہمیشہ تک دوزخ کے عذاب میں مبتلا رہنا پڑ جائے گا۔

www.Faizahmedowaisi.com

اختیار بدست مختار

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

هذا ما رقمه قلم

الفقیر القادری ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی غفرلہٗ

بہاولپور۔ پاکستان

۱۰ رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari